**04/07/2025**

**12.30 PM(5 min)**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنئے**

**کھیلو انڈیا**

**کھیلو انڈیا واٹر سپورٹس فسٹیول اس سال سرینگر میں منعقد ہو گا۔ یہ فسٹیول 21 اگست کو شروع ہو گا اور اس کے تحت منعقد ہونے والے کھیل مقابلے شہرہ آفاق جھیل ڈل میں کرائے جائیں گے ۔ اس بات کا اعلان کھیل کود کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ منڈاویہ نے کیا ہے ۔ تین روز تک جاری رہنے والی ان آبی کھیلوں میں 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے چار سو سے زائد کھلاڑی حصہ لیں ۔ وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت پورے ایشیا میں آبی کھیلوں میں ایک منفرد مقام کو پہنچا ہے ۔**

**یاترا**

**جموں کشمیر میں سالانہ شری امرناتھ جی یاترا آج دوسرے روز بھی خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے ۔ پہلگام اور بال تل سے ہمارے نمائندوں نے خبر دی ہے کہ دونوں روایتی راستوں سے آج علی الصبح شردھالووں کو پوتر گھپا کی طرف روانہ کیا گیا ۔بال تل سے ملی اطلاعات کے مطابق آج صبح سات ہزار 782 یاتریوں نے دُمیل کیمپ پار کیا جبکہ نن ون سے زائد از تین ہزار یاتری چندن واڑی کی طرف پیش قدمی کر رہے ہیں ۔ سرکاری ذرائع کے مطابق آج دوپہر بارہ بجے تک پانچ ہزار 695 یاتریوں نے درشن کئے ہیں ۔ اس دوران بھگوتی نگر جموں کے بیس کیمپ سے چھ ہزار سے زائد یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کی طرف روانہ ہوا ۔**

محرم

آج محرم الحرام کے مقدس مہینے کی 8 تاریخ ہے ۔ایام محرم کے دوران // باطل کے خلاف حق کی علم بلند کرنے والے// شہدائے کربلا کو خراج عقیدت ادا کرنے کے لئے عزاداری کے جلوسوں ، مرثیہ خوانی اور نوحہ خوانی کی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔

نوحہ۔-....

ایم ایل اے پلوامہ اور پی ڈی پی کے سینئر لیڈر وحید الرحمان پرہ نے آٹھ محرم کے موقعے پر اپنے ایک پیغام میں شہیدِ کربلا حضرت امام حسین ؑ اور ان کے جان نثار ساتھیوں کو خراج عقیدت ادا کیا ہے ۔

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ (جو کہ سکاسٹ کشمیر کے پرو چانسلر بھی ہیں ) نے آج یونیورسٹی میں منعقدہو رہی کنووکیشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے طالب علموں پر زور دیا کہ وہ اپنے علم و دانش اور اخلاقی اقدار سے قوم کی خدمت کریں ۔واضح رہے کہ آج منعقد ہو رہی کنووکیشن کی تقریب پر زراعت کے مرکزی وزیر شو راج سنگھ چوہان مہمان خصوصی ہیں جبکہ اس موقعہ پر لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ مہمانانِ ذی وقار ہیں ۔

ستیش شرما

خوراک ، امور صارفین اور کھیل کود کے وزیر ستیش شرما نے نوجوانوں کو با اختیار بنانے اور ان میں کارخانہ داری کا مزاج پیدا کرنے کے لئے ”براہ راست فروخت کرنے کی صنعت “ کی کایا پلٹ کرنے والی صلاحیت کو اجا گر کرتے ہوئے اسے جموں کشمیر میں شمولیاتی اقتصادی ترقی کا ایک محرک قرار دیا ہے ۔ وہ سرینگر میں فیڈریشن آف انڈین Direct Selling Industries کی طرف سے براہ راست فروخت اور صارفین مارکیٹس کے موضوع سے منعقدہ ایک کنکلیو میں بول رہے تھے ۔

طبی کیمپ

جموں کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے جج نیز جموں کشمیر لیگل سروسز اتھارٹی کے چیرمین جسٹس سنجیو کمار نے کورٹ کمپلیکس پہلگام میں ایک مفت لیگل ایڈ کلنک اور طبی کیمپ کا افتتاح کیا ، جس کا مقصد شری امر ناتھ یاتریوں اور مقامی لوگوں کو فائدہ پہنچانا ہے ۔ اس

موقعہ پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے قانونی با اختیاری اور انسانی خدمات کے لئے لیگل سروسز اتھارٹی کی دوہری ذمہ داریوں کو اجا گر کیا ۔

**ڈپٹی کمشنر بڈگام**

ڈپٹی کمشنر بڈگام ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے ضلع کے رشی پورہ میں زیر تعمیر 125 بستروں والے Critical Care یونٹ کا دورہ کر کے ان پر کام کی والے نئے ضلع اسپتال اور سو بستروں والے پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے کہا کہ ان اسپتالوں کی بدولت نہ صرف ضلع میں صحت کا بنیادی ڈھانچہ مزید مستحکم ہو گا بلکہ عوام کے لئے طبی نگہداشت کی جدید ترین سہولیات بر وقت دستیاب ہوں گی ۔

**تقریب**

محکمہ امدادِ باہمی کی طرف سے امدادِ باہمی کے سال2025 کے سلسلے میں صوبائی سطح کی ایک تقریب منعقد ہوئی جس کا موضوع تھا " امدادِ باہمی ایک بہتر دنیا کی تعمیر کرتی ہےں " ۔ اس موقعہ پر کورآپریٹیو سوسائٹیز کے رجسٹرار محمد شفیق چیک مہمانِ خصوصی تھے جنہوں نے جموں کشمیر میں امدادِ باہمی کی تحریک کے لئے وضع کئے گئے نقش راہ پر تقریر کی۔

**گلشن آرا**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے skims جا کر جموں کشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی کی والدہ گلشن آرا کی عیادت کی ۔ اس موقعہ پر انہیں ادارے کے ڈائریکٹر ڈاکٹر محمد اشرف گنائی نے موصوفہ کی صحت کی نسبت سے جانکاری دی ۔ اس سے قبل محبوبہ مفتی کی بیٹی التجا مفتی نے ایکس پر جانکاری دی کہ گلشن آرا اب روبہ صحت ہو رہی ہےں ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ